# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: چھوٹی اشکال کی مکمل اشکال لکھنا | |

**مقاصد:** حروف کی چھوٹی اشکال پہچان کر اس کی مکمل اشکال لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 9، بچوں کے ناموں کی پرچیاں۔ چارٹ پیپر، گوند، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کر کے ایک ڈبے میں ڈال لیں اور یہ ڈبہ استاد خود پکڑ لیں۔
- حروف تہجی سے متعلق تصاویر پر مشتمل ڈبہ بھی بنالیں اور اس ڈبے کو بورڈ کے قریب رکھ دیں۔
- بچوں کے ناموں والے ڈبے میں ایک پرچی نکالیں جس بچے کا نام نکلے اس بچے کو ہدایت کریں۔
- کہ وہ بچہ بورڈ پر جا کر بورڈ کے پاس جو ڈبہ موجود ہے اس میں سے ایک تصویر نکالیں اور اس تصویر کی پہلی اور آدھی شکل لکھے۔
- جو بچہ یہ کام جلدی اور درست کرے گا وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔




## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- (نمونے کے طور پر سرگرمی دی گئی ہے اسطرح کی سرگرمی خود تیار کر لی جائے)
- ایک چارٹ پیپر لیں اور اس کو نمونے کے مطابق کون کی شکل میں کاٹ لیں۔
- کون کے اوپر والے حصے پر حروف تہجی کی چھوٹی اشکال لکھیں اور کون کے نیچے والے حصے پر حروف تہجی کی مکمل اشکال لکھیں۔
- بورڈ پر کون آئس کریم کے اوپر والے حصے چسپاں کر دیں جن پر حروف تہجی کی چھوٹی اشکال لکھی ہوں۔
- بورڈ کے پاس میز پر ایک ٹوکری میں آئس کریم کون کے نیچے والے حصے رکھ دیں جن پر حروف تہجی کی مکمل اشکال لکھی ہوں۔
- اب کمرا جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلا کر اسے کوئی حرف بتائیں اور اس سے کہیں کہ وہ ٹوکری میں سے اس حرف کی شکل پر مبنی آئس کریم کون کا نیچے والا حصہ ڈھونڈے اور بورڈ پر متعلقہ حرف کی شکل کے نیچے لگا کر کون مکمل کرے۔
- اگر بچوں کو مشکل پیش آئے تو انھیں اشاروں کی مدد سے بتائیں کہ حروف کے نقطے دیکھ لیں یا اس حرف کی بناوٹ پر غور کریں۔
- اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے باقی حروف پر کروائیں۔
- جو بچے یہ سرگرمی درست طور پر کریں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے اور انھیں بہترین طلبہ کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔
- سب سے جلدی اور درست کام کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 9 کھلوائیں اور سرگرمی نمبر دو کو دیکھنے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • سر گرمی میں لکھے حروف کی بلند آواز میں پڑھائی کرنے کے لیے کہیں اور بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ سر گرمی میں موجود حروف کی مکمل اشکال لکھیں۔<br>• سب سے جلدی اور درست کام کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔ |
| **اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو مختصر اً سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر حروف تہجی کی چند چھوٹی اشکال لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی مکمل اشکال لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2 منٹ) گھر سے حروف تہجی کی چھوٹی اشکال کی مکمل اشکال لکھنے کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم یونٹ:1 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: حروف علت یا مصوتے | |

**مقاصد:** حروف علت یا مصوتوں کے بارے میں پڑھ اور لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 10، بچوں کے ناموں کی پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کے ناموں کی پرچیاں ایک ڈبے میں لکھ کر رکھ لیں۔
- ڈبے میں سے ایک پرچی نکالیں۔ جس بچے کا نام نکلے اس کو ہدایت دیں کہ وہ حروف تہجی میں سے کسی تین حروف کی مکمل اور چھوٹی اشکال بورڈ پر لکھے۔
- یہ سرگرمی متفرق بچوں کے ساتھ کروائیں۔
- سرگرمی مکمل کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل محسوس ہو ان کی مکمل مدد کریں۔
- درست اور جلدی کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

## تدریسی حکمتِ عملی: (25 منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 10 کھلوائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم حروف تہجی میں موجود مصوتوں اور مصمتوں کے بارے میں پڑھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ حروف تہجی میں چند حروف ایسے ہیں جب وہ کسی لفظ کے درمیان یا آخر میں آتے ہیں تو وہ اپنی آواز بدل لیتے ہیں۔
- یہ حروف تعداد میں چار ہیں۔ (ا، و، ی، ے) انھیں حروف علت یا مصوتے کہتے ہیں۔
- اس کے علاوہ حروف تہجی کے باقی حروف کو مصمتے یا حروف صحیح کہتے ہیں۔
- بورڈ پر بچوں کو صفحہ نمبر 10 پر بنی پہلی سرگرمی کو بنا کر دکھائیں۔
- پھر بچوں ہی کی مدد سے حروف علت کے ساتھ مختلف حروف ملا کر ارکان بنا کر لکھیں۔
- ساتھ ساتھ حروف سے بنے ارکان کی بچوں کو پڑھائی کروائیں۔
- بار بار بلند آواز سے ان ارکان کی بچوں سے پڑھائی کروائیں۔
- متفرق بچوں سے بھی ان ارکان کی پڑھائی سنیں۔ مصوتوں کا تصور پختہ ہوتے ہی سرگرمی نمبر دو کو بورڈ پر لکھیں۔
- بچوں کو بورڈ پر لکھے الفاظ کی پڑھائی کروائیں اور بچوں کو بتائیں کہ یہ حروف علت کی درمیانی اور آخری آواز ہے۔
- اس کے بعد متفرق بچوں کو بلائیں اور الفاظ میں موجود حروف علت کے گرد دائرہ لگانے کو کہیں۔
- اس کام کو مکمل کروانے کے لیے بچوں کی نگرانی کریں۔
- جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔

| |
|---|
| **اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروا دیں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر حروف علت سے بنے ارکان بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) گھر سے حروف علت اور دوسرے حروف کے ملاپ سے بننے والے ارکان کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم | یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | | سبق کا نام:مصوتہ 'الف' سے دو حرفی الفاظ | |


**مقاصد:** مصوتہ 'الف' سے دو حرفی الفاظ پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 11، فومک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- فومک شیٹ کے کٹے ہوئے حروف تہجی (چھوٹی اور مکمل اشکال) جماعت میں لائیں اور میز پر بکھیر دیں۔
- کٹے ہوئے حروف تہجی کی چھوٹی اشکال کی تعداد زیادہ رکھیں۔
- جماعت میں سے مختلف بچوں کو بلائیں اور حروف تہجی کی مکمل اور چھوٹی اشکال الگ کر کے رکھنے کو کہیں۔
- اس کام کو مکمل کروانے کے لیے بچوں کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی راہ نمائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)




- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 11 کھلوائیں اور بچوں کو بتائیں کہ کل ہم نے مصوتوں کے بارے میں پڑھا تھا۔
- آج ہم مصوتہ "الف" سے دوسرے حروف کا ملاپ دیکھیں گے اور جانیں گے کہ مصوتہ "الف" کے ساتھ دوسرے حروف کیسے ملتے ہیں؟
- آج ہم مصوتہ "الف" کے ساتھ باقی حروف کو ملا کر بننے والے ارکان کو پڑھنا سیکھیں گے، اور ان آوازوں سے بننے والے چند الفاظ بھی ایک دوسرے کو بتائیں گے۔
- پڑھائے جانے والے تمام ارکان کے چارٹ پیپر کے کارڈ اس طرح سے تیّار کر لیں کہ ان کی ایک طرف رکن الگ الگ لکھا ہو اور دوسری طرف مکمل رکن لکھا ہو۔
- بچوں کو باری باری تمام کارڈ دکھاتے جائیں اور ہاتھ بلند کروا کر ان کی خواندگی کرواتے جائیں۔
- یہ سرگرمی آج پڑھائے جانے والے تمام ارکان کے لیے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 11 کھلوائیں۔
- متفرق بچوں سے صفحے پر موجود حروف کو مصوتہ 'الف' سے ملا کر ارکان بنا کر پڑھنے کو کہیں۔
- بچوں کے تلفظ پر توجہ دیں۔ اور دھیان رکھیں کہ بچے درست ارکان کی ادائی کر سکیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر کچھ حروف اور ساتھ ہی مصوتہ 'الف' لکھیں۔ متفرق بچوں کو بلا کر ان سے حروف کو مصوتہ 'الف' سے ملوا کر ارکان بنانے کو کہیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) گھر سے مصوتہ 'الف' کو دوسرے حروف تہجی سے ملا کر ارکان بنانے کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم | یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:3 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام:مصوتہ 'الف' سے ملا کر ارکان بنانا | |

**مقاصد:** حرف کو مصوتہ 'الف' سے ملا کر ارکان بنا کر لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 11، پلاسٹک کے انڈے، حروف تہجی پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:**(5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کی دو ٹیمیں بنادیں اور انھیں دو دائروں میں الگ الگ بٹھادیں۔
- اب ایک ٹیم سے کہیں کہ وہ مصوتہ "الف" پر مبنی کوئی رکن بولے۔
- پھر دوسری ٹیم کے بچے اس میں موجود حروف کی الگ الگ ادائی کریں گے۔
- اس طرح یہ سرگرمی مختلف ارکان پر کروائیں۔ پھر آخر میں جیتنے والی ٹیم کو کوئی انعام دیں۔



**تدریسی طریقہ کار:**(25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 11 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت میں آنے سے پہلے انڈے ایسے تیار کریں کہ ان میں مختلف حروف تہجی کے تین تین حروف اور ایک ایک مصوتہ 'الف' کی پرچی رکھ دیں۔
- جماعت کے بچوں کے تین گروہ بنالیں۔
- اب یہ بنے ہوئے انڈے جماعت کے گروہوں میں اس طرح تقسیم کریں کہ ان میں انڈوں کی تعداد ایک جیسی ہو۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ان انڈوں کو کھولیں اور آپس میں مشورے کے بعد ان حروف اور مصوتہ "الف" کو ملا کر الفاظ بنائیں اور اپنے سامنے موجود میز پر رکھتے جائیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں اور مقررہ وقت کے بعد بچوں کا کام چیک کریں۔
- جو بچہ درست کام کرے ان کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- اس کے بعد کتاب کے صفحہ نمبر 11 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو جوڑیوں کی شکل میں بٹھائیں اور کتاب کا کام مکمل کرنے کو کہیں۔
- سب سے جلدی اور درست کام کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر چند حروف اور مصوتہ 'الف' لکھیں۔ متفرق بچوں کو بلا کر ان حروف کو مصوتہ 'الف' ملا کر ارکان بنانے کو کہیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) گھر سے مصوتہ 'الف' کو دوسرے حروف تہجی سے ملا کر ارکان بنانے کی مشق کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام:مصوتہ 'الف' سے تین اور چار حرفی الفاظ | |
| **مقاصد:** مصوتہ 'الف' سے تین اور چار حرفی الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 12، مصوتہ "ا، و، ی، ے" کے فلیش کارڈ | | |

## تحریکی سرگرمی: ( 5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کو دائرے میں بٹھالیں۔
- اب دائرے کے درمیان میں مصوتہ "ا، و، ی، ے" کے فلیش کارڈ رکھ دیں۔
- اس کے ساتھ مختلف ارکان کے کارڈ بھی رکھ دیں۔
- اب کسی بچے کا نام لے کر کہیں کہ وہ ان فلیش کارڈ میں سے حرف "ب" کا فلیش کارڈ ڈھونڈ کر نکالے اور اپنے ہاتھ میں پکڑ کر کھڑا ہو جائے۔
- اب کسی دوسرے بچے سے کہیں کہ وہ حرف "ا" کا فلیش کارڈ ڈھونڈ کر اپنے ہاتھ میں پکڑ کر کھڑا ہو جائے۔
- ان دونوں کو ایک ساتھ کھڑا کر کے بچوں سے پوچھیں کہ "ب" کی دوستی "ا" سے ہوئی تو کیا بنا؟ بچے جواب دیں گے: با۔
- اسی طرح یہ سرگرمی "تھ، ن، ج اور م" پر کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں کو ان کی آوازوں کا اعادہ بھی کرواتے جائیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں کے مختلف گروہ بنادیں ہر گروہ میں پانچ بچے ہوں ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی بنادیں۔
- اب ہر گروہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 12 کے حروف پر مشتمل چارٹ پیپر کے کارڈ دیں۔
- ایک گروہ کو صرف ایک لفظ کے حروف پر مشتمل فلیش کارڈ دیں۔
- اب میز پر ایک ٹوکری رکھ دیں جس میں ان تمام الفاظ پر مبنی فلیش کارڈ ہوں جن کے حروف جماعت میں تمام گروہوں کے پاس ہوں۔
- اب اپنے ہاتھ میں ایک گھنٹی پکڑ لیں۔
- تمام گروہوں کے ایک ایک بچے کو باری باری کہیں کہ سب بچے تیار ہو جائیں۔
- میں جب گھنٹی بجاؤں سب بچے بھاگ کر جائیں گے اور ان کے ساتھیوں کے پاس جس لفظ کے حروف کے کارڈ ہیں ان کا لفظ ڈھونڈ کر واپس آئیں گے۔
- اس کام کو مکمل کرنے کے لیے میں کچھ دیر تک گھنٹی بجاتی رہوں گی۔
- لفظ ڈھونڈنے والے بچے کو گھنٹی بجنے کے دوران ہی متعلقہ لفظ ڈھونڈ کر لانا ہو گا۔
- جو بچہ گھنٹی کے بند کرنے سے پہلے پہنچ جائے گا اس کا لفظ گیم میں شامل کیا جائے گا اور گھنٹی کے بعد آنے والے بچے کا لفظ گیم میں شامل نہیں کیا جائے گا۔
- اسی طرح یہ سرگرمی تمام الفاظ پر کروائیں۔ جب تمام گروہوں کے لیڈر یہ سرگرمی کر لیں تو پھر باری باری ہر گروہ کو بلوائیں۔

| |
|---|
| • لیڈر ایک لفظ اور باقی چار بچے اس لفظ کے حروف کے فلیش کارڈ پکڑ کر ترتیب سے کھڑے ہوں۔<br>• اب ہر بچہ اپنے ہاتھ میں پکڑے ہوئے حرف کی آواز کی ادائی کرے گا اور آخر میں گروہ کا لیڈر اس لفظ کی ادائی کرے گا۔<br>• جو گروہ یہ کام بنا اٹکے درست طور پر کرے گا وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا اور انھیں کوئی انعام ضرور دیں۔<br>• اس سرگرمی کا مقصد بچوں میں الفاظ میں موجود حروف کی نشان دہی کی پختگی اور انھیں پڑھنے میں آسانی پیدا کرنا ہے۔<br>• بچوں کو کچھ وقت دیں کہ وہ الفاظ کو خود سے پڑھیں۔ بعد ازاں ہاتھ بلند کرواکے باری باری خواندگی کروائیں۔<br>• بچوں سے کتاب کا صفحہ 12 کھلوائیں اور اس پر دیے ہوئے الفاظ بلند آواز میں پڑھوائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) متفرق بچوں سے کتاب میں دیے گئے الفاظ پڑھوائیں۔ جوڑ ہر گز نہ کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) بورڈ پر مختلف ارکان لکھ کر بچوں سے ان کی مدد سے نئے الفاظ بنوائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:اوّل | مضمون:اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام:الفاظ کے حروف الگ الگ کرنا | |
| **مقاصد:** الفاظ کے حروف الگ الگ کر سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کا صفحہ نمبر 12۔ | | |
| **تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)<br>• کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔<br>• بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔<br>• تختہ تحریر پر چند تصاویر چسپاں کر دیں جیسے: ہار، شال، کان، کھانا، باجا، وغیرہ۔<br>• ان کے ناموں کے حروف کو (گروہ کی صورت میں) تختہ تحریر پر ایک جانب لکھ دیں۔<br>• بچوں سے کہیں کہ ان تصاویر کو غور سے دیکھیں اور ان کے ناموں کے مطابق ان کے حروف الگ الگ کر کے سنائیں۔ | | |
| **تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)<br>• بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 12 کھلوائیں۔<br>• جماعت کے بچوں کو بلند آواز میں کتاب پر موجود الفاظ پڑھنے کو کہیں۔<br>• اب بورڈ پر لفظ "باقی" لکھیں۔<br>• بچوں سے اس لفظ کا تلفظ پوچھیں۔<br>• پھر بچوں سے پوچھیں کہ اس لفظ میں کتنے حروف ہیں اور وہ کون کون سے ہیں؟<br>• جو بچہ سب سے پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر اصلاح کریں۔<br>• اسی طرح سے یہ سرگرمی زبانی طور پر صفحے پر موجود باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔<br>• جماعت کے بچوں کو دو حصوں میں تقسیم کریں۔<br>• انھیں ٹیم سونا اور ٹیم چاندی کا نام دیں۔<br>• تختہ تحریر پر دو کالم بنائیں۔<br>• ایک کالم میں ٹیم سونا لکھیں اور دوسرے میں ٹیم چاندی لکھ دیں۔<br>• بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی مرضی کی ٹیم میں شمولیت اختیار کر سکتے ہیں لیکن دونوں کی تعداد برابر رہنی چاہیے۔<br>• بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ کے حروف الگ کریں گے۔ | | |

| |
|---|
| • دیکھتے ہیں دونوں ٹیموں میں سے کون سی ٹیم الفاظ بنانے میں مہارت رکھتی ہے۔<br>• سرگرمی شروع کرنے سے پہلے بچوں کو کھیل کے اصول واضح انداز میں بتائے جائیں۔<br>• دونوں ٹیمیں ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر کھڑی ہوں۔ جیسے زنجیر کی ایک کڑی سے دوسری کڑی ملی ہوتی ہے۔<br>• پہلے ایک ٹیم کو الفاظ کے حروف الگ کر کے لکھنے کا موقع ملے گا پھر دوسری ٹیم کو۔<br>• بورڈ پر جماعت میں موجود چند چیزوں کی تصاویر چسپاں کر دیں۔ (بورڈ، کرسی، بستہ، پنسل، میز)<br>• ان تصاویر میں سے ایک تصویر ٹیم سونا کے ایک بچے کو دکھائیں۔<br>• وہ بچہ اپنی ٹیم کے باقی ممبران کو اس تصویر سے متعلق تین اشارے دے گا۔<br>• مخصوص وقت میں وہ ممبران اس چیز کے نام پہچانے اور دوسرا ممبر اُس کے حروف الگ الگ کرے گا۔<br>• کامیابی کی صورت میں اس ٹیم کو 2 نمبر دیے جائیں گے۔<br>• اگر وہ نہ بتا سکیں تو دوسری ٹیم کے ممبران کو وہ تصویر دکھا کر اس کا نام پوچھا جائے گا اور اس کے حروف الگ کروائے جائیں گے۔<br>• اسی طرح یہ سرگرمی تمام چیزوں کے ناموں کے لیے کروائی جائے۔<br>• اس کے بعد صفحے پر موجود سرگرمی بچوں سے مکمل کروائیں۔ کام مکمل کرنے میں بچوں کی مدد کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) تختہ تحریر پر مختلف تصاویر بنائیں اور بچوں سے ہر تصویر کا نام پوچھ کر اُس کے حروف الگ الگ کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) گھر سے الفاظ کے حروف الگ کرنے کی مشق کر کے آنی ہے۔ |